Write your name here

| Surname | Other names |
|---|---|
| | |

**Pearson Edexcel GCE**

Centre Number | Candidate Number

# Urdu

## Advanced Subsidiary
## Unit 2: Understanding and Written Response

Wednesday 4 June 2014 – Afternoon
**Time: 2 hours 30 minutes**

Paper Reference
**6UR02/01**

**You must have:**
Listening equipment
CD/mp3

Total Marks

## Instructions

- Use **black** ink or ball-point pen.
- **Fill in the boxes** at the top of this page with your name, centre number and candidate number.
- Answer **all** questions.
- Answer the questions in the spaces provided – *there may be more space than you need.*
- You **must** begin with Section A: Listening, and complete this section within 45 minutes. You must **not** replay the recording after the first 45 minutes of the test.
- You must **not** use a dictionary.

## Information

- The paper is divided into 3 sections.
- The total mark for this paper is 70.
- The marks for **each** question are shown in brackets – *use this as a guide as to how much time to spend on each question.*
- Section B of this paper features a question that requires responses in English – *in order to convey these clearly, please ensure that you write legibly and check your spelling, punctuation and grammar.*

## Advice

- Read each question carefully before you start to answer it.
- Keep an eye on the time.
- Try to answer every question.
- Check your answers if you have time at the end.

*Turn over* ▶

P43377A
©2014 Pearson Education Ltd.
1/1/1/

P 4 3 3 7 7 A 0 1 2 0

PEARSON

**SECTION A: LISTENING**

وقت کے لحاظ سے اقتباسات کی لمبائی کا اندازہ درج ذیل ہے :

اقتباس نمبر1: 1 منٹ 4 سیکنڈ
اقتباس نمبر2: 1 منٹ 16 سیکنڈ
اقتباس نمبر3: 1 منٹ 2 سیکنڈ
اقتباس نمبر4: 1 منٹ 22 سیکنڈ

امتحان کے دوران آپ ریکارڈنگ کو جب چاہیں جہاں سے چاہیں اور جتنی بار چاہیں سن سکتے ہیں۔آپ چاہیں تو ضروری باتیں علیحدہ کاغذ پر لکھ سکتے ہیں۔

سوال نمبر1:

اقتباس کو غور سے سنیے اور اس کی روشنی میں درج ذیل بیانات سے صحیح بیانات کے سامنے ⊠ کا نشان لگایئے۔

(i) عالیہ موسیقی کے پروگرام میں:

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** اپنی مرضی سے گئی تھی۔ |
| ☒ | **B** سہیلیوں کے لیے گئی تھی۔ |
| ☒ | **C** کبھی نہیں گئی۔ |

(ii) عالیہ اور اس کی سہیلیوں نے :

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** پورا پروگرام دیکھا۔ |
| ☒ | **B** پروگرام کا آخری حصہ دیکھا۔ |
| ☒ | **C** پروگرام کے شروع کا حصہ دیکھا۔ |



P 4 3 3 7 7 A 0 2 2 0

(iii) عالیہ کو بیٹھنے کے لیے اپنی سیٹ:

| | |
|---|---|
| A کافی دیر کے بعد ملی۔ | ☒ |
| B فوراً مل گئی۔ | ☒ |
| C بالکل نہیں ملی۔ | ☒ |

(iv) ان کی سیٹوں پر کھڑے ہونے والے لوگ:

| | |
|---|---|
| A بہت شریف تھے۔ | ☒ |
| B بہت خاموش تھے۔ | ☒ |
| C بہت شور مچا رہے تھے۔ | ☒ |

**(Total for Question 1 = 4 marks)**

BLANK PAGE

سوال نمبر 2:

اقتباس سن کر مندرجہ ذیل بیانات میں سے صرف چار صحیح بیانات پر ☒ کا نشان لگائیے۔

| | | |
|---|---|---|
| A | پاکستان کے بازاروں میں خریداری کرنا آسان نہیں۔ | ☒ |
| B | اکثر خواتین پہلی دکان سے ہی خریداری کر لیتی ہیں ۔ | ☒ |
| C | دکان دار چیز کی اصلی قیمت کبھی نہیں بتاتے ہیں ۔ | ☒ |
| D | کچھ خواتین بلا وجہ چیزیں خریدنے پر مجبور ہو جاتی ہیں۔ | ☒ |
| E | پاکستان کے بازاروں میں خریداری کرنا کوئی مشکل بات نہیں۔ | ☒ |
| F | زیادہ تر خواتین اکیلے خریداری کرنا پسند نہیں کرتیں۔ | ☒ |
| G | دکان دار صرف قیمت پوچھنے والی خواتین کو ٹال دیتے ہیں۔ | ☒ |
| H | دکان دار چیزوں کی قیمتیں نہیں بڑھاتے ہیں۔ | ☒ |

**(Total for Question 2 = 4 marks)**

سوال نمبر 3:

نیچے دی گئی خالی جگہوں کو صحیح اردو الفاظ کے ساتھ لکھے ہوئے انگریزی حروف سے پُر کیجیے۔

(i) مہمانوں کے بغیر بتائے آجانے سے میزبان کو بہت ☐ خوشی ہوتی ہے۔

(ii) ان کی دیکھ بھال میں اگر ذرا سی بھی کمی رہ جائے تو وہ ☐ ہوجاتے ہیں۔

(iii) میزبان سوچتا ہے کہ اگر وہ بلانے پر آتے تو ان کی مہمان نوازی اور ☐ ہوجاتی۔

(iv) آج کل مہمانوں کے اچانک آنے کو ☐ نہیں سمجھا جاتا۔

| | |
|---|---|
| A | مشکل |
| B | زیادہ |
| C | خوش |
| D | کم |
| E | خفا |
| F | اچھا |
| G | آسان |
| H | بُرا |

**(Total for Question 3 = 4 marks)**



P 4 3 3 7 7 A 0 6 2 0

سوال نمبر4:

گفتگو کو سن کر نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات اردو میں لکھیے۔

(a) فراز مریم کو کیوں مبارک باد دے رہا ہے؟ **(1)**

.......................................................................................................................................

(b) مریم کی کون سی خواہش پوری ہو گئی؟ **(1)**

.......................................................................................................................................

(c) مریم یونیورسٹی فیس کے لیے قرضہ کیوں لینا چاہتی ہے؟ **(1)**

.......................................................................................................................................

(d) مریم کے فیصلے کے بارے میں فراز کی کیا رائے ہے؟ **(2)**

.......................................................................................................................................

.......................................................................................................................................

(e) مریم کی امّی کیا چاہتی ہیں؟ **(1)**

.......................................................................................................................................

(f) کیمرج یونیورسٹی میں مریم کے رہنے کا کیا انتظام ہو سکتا ہے؟ **(1)**

.......................................................................................................................................

(g) فراز کو کیوں یقین ہے کہ وہ امّی کو منا لے گا۔ **(1)**

.......................................................................................................................................

**(Total for Question 4 = 8 marks)**

**TOTAL FOR SECTION A = 20 MARKS**

## SECTION B: READING

اقتباس نمبر 5:

علی: میں فیس بُک پر اپنے تمام دوستوں سے رابطہ رکھتا ہوں۔ آسانی یہ ہوگئی ہے کہ اب مجھے ہر چھوٹی بڑی بات کے لیے انہیں فون نہیں کرنا پڑتا اور اگر فون پر نہ ملیں تو مشین پر پیغامات نہیں چھوڑنے پڑتے۔ میرے کچھ دوست تو پل پل کی خبر دیتے ہیں مگر میرے پاس اتنا وقت نہیں کہ ہر وقت بیٹھ کر اُن کو دیکھا کروں۔

مریم: مجھے فیس بُک پر معلوم ہو جاتا ہے کہ میری کس سہیلی کی سالگرہ ہے اور یہ بھی کہ کس کے گھر کون کون سے پروگرام ہونے والے ہیں۔ فیس بک پر مبارک باد کے پیغامات اور تصویریں دونوں مل جاتے ہیں۔ کارڈ خریدنے اور خط کے ذریعے تصویریں بھیجنے سے نجات ملی۔

ہارون: فیس بُک پر جا کر میری تو جان عذاب میں آ گئی ہے۔ دوستوں اور رشتہ داروں کے ساتھ ان کے جاننے والے بھی رابطہ رکھنا چاہتے ہیں۔ میری بری عادت یہ ہے کہ میں کسی کو منع نہیں کر سکتا۔ اب مجھے فیس بک پر جاتے ہوئے ڈر لگتا ہے کیونکہ ہر دفعہ نئے ناموں کی فہرست میرے سامنے ہوتی ہے۔

حنا: فیس بُک سے آسانیاں تو بہت ہوگئی ہیں۔ گھر بیٹھے دوسرے ملکوں میں رہنے والے دوستوں اور رشتہ داروں سے نہ صرف گفتگو ہو جاتی ہے بلکہ خاص پروگراموں کی تصویریں بھی دیکھنے کو مل جاتی ہیں۔ لیکن جن لوگوں سے روز ملنا ملانا رہتا ہے ان کے ساتھ گھنٹوں فیس بک پر باتیں کرنے کی نہ مجھے فرصت ہے اور نہ میں اسے ضروری سمجھتی ہوں۔

سوال نمبر 5:

کس نے کیا کہا؟ سامنے دیے گئے اقتباسات کو پڑھ کر صحیح نام کے آگے ☒ کا نشان لگائیے۔
ایک نام دو مرتبہ بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

| | A<br>علی | B<br>مریم | C<br>ہارون | D<br>حنا |
|---|---|---|---|---|
| (i) میرے دوستوں کی تعداد بہت بڑھ گئی ہے۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (ii) دور رہنے والوں سے رابطے کے لیے اچھا ذریعہ ہے۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (iii) اب ٹیلی فون کا استعمال کم کرنا پڑتا ہے۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (iv) آئندہ ہونے والے پروگراموں کی خبر پہلے سے مل جاتی ہے۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (v) اب ڈاک سے مبارک باد کے پیغام نہیں بھیجے جاتے۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |

**(Total for Question 5 = 5 marks)**

BLANK PAGE

اقتباس نمبر 6:

Read the passage and answer the questions below **in English**. Your answers must relate exclusively to the passage and convey **all** the relevant information.

آج کل پاکستان ٹی وی پر کھانا پکانے کے بارے میں پروگرام بہت مقبول ہو رہے ہیں۔ دلچسپ اور مزے کی بات یہ ہے کہ ان میں سے چند پروگراموں کے میزبان مرد ہوتے ہیں اور انہیں گھر گھر بڑے شوق سے دیکھا جاتا ہے۔ اب یہ پرانی بات سمجھی جاتی ہے کہ گھر کی بزرگ خواتین لڑکیوں کو کھانا پکانا سکھائیں۔ ہمارے نوجوان اکثر اپنے پسندیدہ کھانے ٹی وی کے پروگرام دیکھ دیکھ کر بناتے ہیں۔ اگر ترکیب کے مطابق نہ پکا سکیں تو بار بار کوشش کرتے رہتے ہیں۔ جو گھروں سے دور رہتے ہیں وہ اکثر اپنی امّی سے کھانے پکانے کی ترکیبیں پوچھتے رہتے ہیں۔ کچھ گھریلو خواتین ان ترکیبوں کو اپنی ڈائری میں لکھ لیتی ہیں۔ یہ اور بات ہے کہ عین پکاتے وقت ڈائری ڈھونڈنے سے بھی نہیں ملتی اور انہیں مجبوراً وہ ڈش اپنے طریقے سے پکانی پڑتی ہے جو کبھی کبھی مزیدار بھی بن جاتی ہے۔

**6** (a) What programs are getting popular on Pakistan TV?

**(1)**

........................................................................................................................................

(b) What is interesting about some of these programs?

**(1)**

........................................................................................................................................

(c) What is considered as old tradition now?

**(1)**

........................................................................................................................................

(d) Apart from watching TV channels what else young people do to cook?

**(1)**

........................................................................................................................................

(e) Why can't some housewives follow the noted recipes?

**(1)**

........................................................................................................................................

**(Total for Question 6 = 5 marks)**

اقتباس نمبر 7:

میرا نام فراز ہے۔ ایم اے کے امتحانوں کے دوران میں بیمار ہو گیا تھا۔ مجھے اپنے پاس ہونے کی امید تو تھی لیکن جب نتیجہ آیا تو میری خوشی کا کوئی ٹھکانا نہ رہا۔ میں بہت اچھے نمبروں سے پاس ہو گیا تھا۔ میں نے کئی کمپنیوں میں نوکری کے لیے درخواستیں بھیجنی شروع کر دیں۔ آج کل تو سارا کام کمپیوٹر پر ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ انٹرویو بھی آن لائن ہوتے ہیں۔ اس لیے میں نے بھی یہ طریقہ اپنایا۔ مجھے امید تھی کہ جلد ہی کوئی انٹرویو بھی مل جائے گا۔ ہفتوں سے مہینے گزرے مگر کوئی اچھی خبر نہ آئی۔

یہ بات میرے لیے ناقابل یقین تھی کہ کراچی جیسے بڑے شہر میں مجھے ایک معمولی نوکری بھی نہیں مل رہی۔ مجھے دو تین کمپنیوں میں انٹرویو کے لیے بلایا بھی گیا لیکن کہیں میری ناتجربہ کاری اور کہیں عمر کم ہونے کی وجہ سے مجھے ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا۔

میں تقریباً مایوس ہو چلا تھا کہ اچانک ایک مشہور کمپنی کی جانب سے انٹرویو کے لیے بلاوا آ گیا۔ اس کمپنی کی شاخیں یورپ کے کئی ممالک میں قائم تھیں اور نوکری ملنے پر ملک سے باہر جانے کی بھی امید تھی۔ میں تیار ہو کر امی کی دعاؤں اور ابو کی ہدایتوں کے ساتھ کمپنی کے دفتر مقررہ وقت سے آدھا گھنٹہ پہلے ہی پہنچ گیا۔ سوچا تھا جلدی پہنچ کر ایک تو اپنے حواس پر قابو پا لوں گا اور دفتر کے بارے میں معلومات بھی حاصل کر لوں گا۔

وہاں جا کر دیکھا تو کمرے میں بہت سے لوگ پہلے سے ہی موجود تھے اور آپس میں بات چیت کر رہے تھے۔ تقریباً تمام امیدوار میرے ہم عمر اور نئے نئے ڈگری یافتہ تھے اور سب کی ایک ہی کہانی تھی۔ میں نے دیکھا اور محسوس کیا کہ یہ سب لوگ اگرچہ ابھی تک ملازمت حاصل کرنے میں ناکام رہے ہیں مگر ناامید نہیں ہیں۔ ان سے گفتگو کے دوران مجھ میں ایک نئی ہمت پیدا ہو گئی اور میری سوچ میں تبدیلی آ گئی۔ جب میں انٹرویو دینے گیا میں نے اس بات کا خیال رکھا کہ ہر سوال کا جواب مختصر اور اچھی طرح دینے کی کوشش کروں۔

انٹرویو کے تیسرے دن کمپنی کی طرف سے فون پر یہ خوش خبری ملی کہ مجھے چند اور امیدواروں کے ساتھ منتخب کر لیا گیا ہے۔ اس شرط کے ساتھ کہ مجھے تین مہینے کا تربیتی کورس مکمل کرنا ہو گا۔ یہ امی کی دعاؤں کا اثر تھا یا قسمت نے میرا ساتھ دیا۔ غیب کی باتیں کون جان سکتا ہے۔

سوال نمبر 7:

سامنے دیے گئے متن کے حوالے سے مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں اردو میں لکھیے ۔

(a) فراز کو کس بات کی خوشی تھی؟ **(1)**

..............................................................................................................................................

(b) اس نے نوکری کے لیے کس طرح درخواستیں بھیجیں؟ **(1)**

..............................................................................................................................................

(c) اسے کس بات پر یقین نہیں آیا؟ **(1)**

..............................................................................................................................................

(d) فراز کو آسانی سے نوکری کیوں نہیں مل رہی تھی؟ (دو باتیں لکھیے) **(2)**

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

(e) وہ انٹرویو دینے کے لیے آدھا گھنٹہ پہلے کیوں گیا؟ (دو باتیں لکھیے) **(2)**

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

(f) دوسرے امیدواروں سے بات چیت کے بعد اس نے کیا محسوس کیا؟ **(1)**

..............................................................................................................................................

(g) اس نے انٹرویو میں کس بات کا خیال رکھا؟ **(1)**

..............................................................................................................................................

(h) فراز کو نوکری شروع کرنے سے پہلے کیا کرنا تھا؟

**(1)**

..............................................................................................................................................

**(Total for Question 7 = 10 marks)**

**TOTAL FOR SECTION B = 20 MARKS**

## SECTION C: WRITING

اقتباس نمبر 8:

ہم روزمرہ کی زندگی میں دوسرے کام تو کسی نہ کسی طرح پورے کر لیتے ہیں لیکن ہمارے پاس ورزش نہ کرنے کے سو بہانے ہیں۔ ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ بہت سی خطرناک بیماریوں سے بچنے کے لیے ورزش بہت مفید ہے۔ آج کل کی مصروف زندگی میں ہمیں اپنے لیے بھی تھوڑا سا وقت نکالنا چاہیے اور ہفتے میں کم از کم دو تین بار کسی بھی قسم کی ورزش ضرور کرنی چاہیے۔

سوال نمبر 8:

اوپر دی گئی عبارت اردو کے ایک اخبار سے لی گئی ہے۔ **200-220** الفاظ پر مشتمل ایک مضمون اردو میں لکھیے ۔آپ کے مضمون میں درج ذیل باتیں شامل ہونی چاہئیں:

- ورزش کرنے کے مختلف طریقے کیا ہیں؟
- صحت مند زندگی گزارنے کے لیے ورزش کے علاوہ اور کیا کرنا چاہیے؟
- آپ اپنی صحت کا کس طرح خیال رکھتے ہیں؟
- آپ کی رائے میں فاسٹ فوڈ کے صحت پر کیا اثرات ہوتے ہیں؟ تفصیل سے لکھیے۔

........................................................................................................................................

........................................................................................................................................

........................................................................................................................................

**(Total for Question 8 = 30 marks)**

**TOTAL FOR SECTION C = 30 MARKS**
**TOTAL FOR PAPER = 70 MARKS**

**BLANK PAGE**

BLANK PAGE